گریسٹ ٹیکنیس اورکزئی

MPA PPP

Session 5th
No. 44
Date 10/11/2018
Department E/S/E

تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب

اسمبلی کی کارروائی روک کر ایک اہم مسئلے پر بات کرنے کی اجازت دے دی جائے وہ یہ کہ کرنل شیر خان کیڈٹ کالج جو کہ ایک شہید مجاہد کے نام پر بنایا گیا تاکہ اُس طرح کے بہادر جوانوں کو تربیت دے کر ملک وقوم کے دفاع کے لئے مزید کرنل شیر پیدا کئے جاسکیں۔ لیکن افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس کالج کی انتظام ایسے لوگوں کو سونپا گیا ہے جو بچوں کو کرنل شیر بنانے کی بجائے کالج سے نکالنے پر تُلے ہوئے ہیں۔ اور قوم کے معماروں کا مستقبل اپنی نااہلی کی وجہ سے تباہ کررہے ہیں۔ نظم وضبط قائم نہ رکھنے اور پسند وناپسند پر بچوں کے ساتھ زیادتی پر اُتر آئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب حال ہی میں کلاس دہم یعنی (میٹرک) کے طلباء مسمی عمار کٹ نمبر 819 قاسم ہاؤس، مسمی عاطف اعجاز کٹ نمبر 903 اور مسمی باسط کٹ نمبر 854 پر معمولی نوعیت کے الزامات لگا کر کالج سے نکالے گئے ہیں۔ جو کہ سراسر ان بچوں اور ان کے والدین کے ساتھ نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ اپنی نااہلی چھپانے کی ناکام کوشش بھی ہے۔

اس لئے کالج آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کو فوری طور پر ہدایات جاری کرے کہ مذکورہ طلباء کو کالج سے نکالنے کے فیصلے پر نظر ثانی کر کے ان طلباء کے مستقبل کو تاریک ہونے بچایا جائے۔ لہذا اس پر تفصیلی بحث کی جائے۔

21/12/2018 نگہت اورکزئی

ایم پی اے

4th
39
03:00
21/12/2018
Nighat Orakzai

ADJOURNMENT MOTION

Session No. 5th
Notice No. 44
Received at 10:30
Received on 10/11/18
From نگہت اورکزئی MPA